بیاناتِ خوشتر رحمۃ اللہ علیہ

چوالیسویں قسط

DAR-UL-RAZA

رمضان المبارک میں

اعتکاف کے مسائل

شیخِ طریقت، رہبرِ شریعت، مبلغ اسلام

حضرت علامہ مولانا

حافظ محمد ابراہیم خوشتر رحمۃ اللہ علیہ

صدیقی قادری رضوی حامدی

زیر سرپرستی

شہزادہ علامہ خوشتر، پیر طریقت حضرت علامہ مولانا محمد مسعود اظہر قادری رضوی

سجادہ نشین خوشتر

زیر سایہ

شہزادہ علامہ خوشتر حضرت صاحبزادہ الحاج محمد میاں خوشتر صدیقی قادری

خلیفہ تاج الشریعہ

باہتمام

مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی

سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

مکتبہ دارالرضا

عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل جھنگ سٹی

TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501

www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com

بسم الله الرحمن الرحيم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب:..............بیاناتِ خوشتر ''رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ'' (پینتالیسویں قسط)

اسپیکر:.............حضرت علامہ مولانا محمد ابراہیم خوشتر قادری ''رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ''

موضوع:...............رمضان میں اعتکاف کے مسائل

زیرِ سرپرستی:...............شہزادہ علامہ خوشتر حضرت مولانا محمد مسعود اظہر سجادہ نشین

زیرِ سایہ:...............شہزادہ علامہ خوشتر حضرت صاحبزادہ الحاج محمد میاں خلیفہ تاج الشریعہ

زیرِ نگرانی:...............حضرت علامہ مولانا مفتی ابونعمان عرفان شریف مدنی

باہتمام:...............مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی

سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

تحریر و ترتیب:...............حافظ محمد اصغر عطاری (شعبہ تحریرات دارالرضا انٹرنیشنل)

صفحات:...............08

پبلشر:...............مکتبہ دارالرضا جھنگ سٹی

مکتبہ دارالرضا

عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل

بستی شہنی والی، وارڈ نمبر 7، پرانا چنیوٹ روڈ، جھنگ سٹی

TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501

www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم o فاعوذ باللّٰه من الشیطن الرجیمo بسم اللّٰه الرحمن الرحیم o

شهر رمضان الذی انزل فیه القرآن قال الله تبارک وتعالیٰ فی المقام الآخر وانتم عاکفون فی المساجد

قال اللّٰه تبارک وتعالی فی شانِ حبیبه o ان اللّٰه وملئکته یصلون علی النبی ط یاایهاالذین امنو صلو علیه وسلموا تسلیما o

اللّٰهم صل علی سیدنا ومولانا محمد وعلی ال سیدنا ومولانا محمد وبارک وسلم

رمضان میں اعتکاف کے مسائل

پیارے بھائیو، بہنو، عزیزو، دوستو! رمضانِ مبارک کا مبارک مہینہ بڑی تیزی سے گزر رہا ہے۔ دو ہفتے گزر گئے اور یہ تیسرا ہفتہ شروع ہو چکا ہے۔ رمضانِ مقدس کی برکتوں میں ایک عظیم برکت یہ ہے کہ یہی وہ مبارک مہینہ ہے کہ رمضان کے آخری دس دنوں کا اعتکاف ہمیں سنت مؤکدہ کی صورت میں کرنے کا موقع ملتا ہے۔ آج کی اِس مجلس میں اعتکاف کیا ہے؟ اعتکاف کے مسائل کیا ہیں اور اعتکافِ سنتِ مؤکدہ کیا ہے اِس سلسلے میں کچھ عرض کروں۔

اعتکاف کیا ہے؟

سنئے اعتکاف کی نیت سے اللہ کے واسطے مسجد میں ٹھہرنا اِس کو اعتکاف کہتے

ہیں۔ اعتکاف دو منٹ کے لئے میں مسجد میں آؤ ثواب کی نیت سے ٹھہر یئے یا دو گھنٹے کے لئے یا ایک دن کے لئے بہر حال مسجد میں ٹھہرنے کا نام اعتکاف ہے۔

اعتکاف کی اقسام

اعتکاف کی کئی قسمیں ہیں، بعض اعتکاف واجب ہے، بعض سنت مؤکدہ اور بعض مستحب ہیں۔

واجب اعتکاف

واجب اعتکاف تو یہ ہے کہ کسی نے اگر نذر مان لی، منت مان لی تو یہ اعتکاف واجب ہے۔ کہ فلاں کام ہو جائے گا یا فلاں کام میرا پورا ہو گیا تو میں ایک دن یا دو دن کا اعتکاف کروں گا تو اب منت پوری کرنے کے لئے اِس اعتکاف کا کرنا واجب ہے۔

سنت اعتکاف

اور اِس کے علاوہ اعتکاف سنتِ مؤکدہ اعتکاف یہ ہے کہ رمضان کے پورے دس دِن ، رمضان کے آخری پورے دس دن مسجد میں گزارے اور وہ بھی اِس طرح کہ تیسویں رمضان کو جب سورج ڈوب رہا ہو تو اُس وقت اعتکاف کی نیت سے مسجد میں موجود ہو اور رمضان کی تیس تاریخ کو سورج ڈوبنے کے بعد یا رمضان کی انتیسویں کو چاند ہونے کے بعد نکلے۔ اگر بیسویں تاریخ کو بعد نمازِ مغرب اعتکاف کی نیت کی تو یہ اعتکاف سنتِ مؤکدہ نہیں ہوگی۔

سنت اعتکاف کا حکم

اعتکاف سنتِ مؤکدہ یہ کفایہ ہے یعنی اگر یہ سب چھوڑ دیں گے ایک جماعت یا محلے میں اگر کوئی نہیں کرے گا تو سب پکڑے جائیں گے، سب گناہگار ہوں گے اور اگر ایک نے بھی کرلیا تو سب چھوٹ جائیں گے۔ اِس اعتکاف میں روزہ شرط ہے اور رمضان کے روزے اِس کے لئے کافی ہیں۔

مستحب اعتکاف

یہ اعتکاف کے سلسلے میں سن رہے ہیں، یہی تو مسلمانوں کا طریقہ ہونا چاہئے اور مستحب بھی یہی ہے کہ جب بھی مسجد میں جائیں تو اعتکاف کی نیت کرلیں۔ اِس میں ثواب ملے گا۔

اعتکاف کہاں کیا جائے؟

مرد کے اعتکاف کے لئے مسجد ضروری ہے اور عورت اپنے گھر کی اُس جگہ میں اعتکاف کرے جو جگہ اُس نے نماز کے لئے مقرر کی ہو۔ اِس سے جہاں یہ ہمیں مسئلہ معلوم ہوا کہ مرد مسجد میں اعتکاف کرے گا وہاں یہ بھی ہمیں مسئلہ معلوم ہوا اور پتہ چلا کہ اللہ نے جنہیں توفیق دی ہے وہ گھر میں نماز پڑھنے کے لئے ایک مقام مختص کر لیں۔ اِس میں بڑے برکت ہے اور گھر والوں کو نماز پڑھنے کا موقع ملتا رہے گا۔

معتکف کو اعتکاف والی جگہ سے نکلنا

اعتکاف کرنے والا بغیر عذر کے مسجد سے نکلنا اُس کے لئے حرام ہے۔اور وہ بغیر کسی عذر کے نکلا تو اعتکاف اُس کا ٹوٹ جائے گا چاہے وہ بھول کر ہی نکلا ہو۔اسی طرح جو عورت اعتکاف کے لئے بیٹھی ہوئی ہے وہ اگر نکل گئی نماز پڑھنے کی جگہ سے تو اُس کا اعتکاف بھی ختم ہو جائے گا۔اعتکاف کرنے والوں کو مسجد سے نکلنا اُس کے لئے صرف دو ضرورتیں ہیں، یعنی دو عذر ہیں ایک تو طبعی اور دوسرا شرعی عذر۔

طبعی عذر یہ ہے جیسے پیشاب ہے، پاخانہ، استنجاء اور فرض غسل، واجب یہ ہیں۔مگر یہ جب ہے جب وضو، غسل کی جگہ مسجد میں نہ بنی ہو تو ظاہر ہے کہ وہ باہر نکلے گا،اور شرعی عذر یہ ہے کہ جیسے عید اور جمعہ کی نماز کے لئے۔اور اگر اعتکاف والی مسجد میں جماعت نہ ہوتی ہو تو جماعت کے لئے بھی جا سکتا ہے۔لیکن بہرحال آج کل ہر مسجد میں جماعت بھی ہو رہی ہے اور جمعے کی نماز بھی ہو رہی ہے تو اِس لئے اب وہ مسجد میں ہی رہے گا اور یہیں وہ پانچوں وقت کی نماز بھی پڑھے گا اور جمعے کی نماز بھی پڑھے گا۔

یہ وہ عذر ہیں کہ اِن کے علاوہ کسی وجہ سے تھوڑی دیر کے لئے بھی اعتکاف کی جگہ سے باہر جائے گا تو اعتکاف جاتا رہے گا۔اگر وہ بھول کر بھی گیا تو بھی اعتکاف جاتا رہے گا۔

معتکف کا کھانا پینا

معتکف رات دن مسجد میں ہی رہے گا، وہاں وہ کھائے گا وہاں وہ پیئے گا اور اُس کے لئے کھانا اور پینا جائز ہے۔معتکف کے علاوہ کسی کو مسجد میں کھانے پینے اور

سونے کی اجازت نہیں۔ اگر یہ کام کرنا چاہے تو پھر وہ مسجد میں اعتکاف کی نیت کر لے تو پھر وہ مسجد میں قیام کرے اور مسجد میں سو سکتا ہے۔ اعتکاف کی نیت کے بعد نماز پڑھے، اللہ اللہ کرے۔ ہاں کھانے اور پینے میں یہ احتیاط ضروری ہے کہ کوئی چیز خراب نہ کرے۔

اِس سے یہ بھی مسئلہ معلوم ہوا کہ مسجد میں اعتکاف کرنے والا مسجد میں کھا پی سکتا ہے اور جو لوگ مسجد میں معتکف نہیں ہیں اور انہوں نے مسجد میں اعتکاف کی نیت نہیں کی انہیں مسجد میں مسجد میں کھانے پینے اور سونے کی اجازت نہیں ہے۔

مساجد میں افطاری کا حکم

لہٰذا آج کل رمضانِ مقدس میں افطار کا انتظام مسجدوں میں ہوتا ہے۔ اگر افطار کا انتظام مسجد میں ہے، اُس جگہ ہے جو نماز کے لئے خاص کی گئی ہے تو افطار کرنے کرنے کی اجازت بغیر اعتکاف کی نیت کے لوگوں کو نہیں ہے۔ اِس لئے خیال کرنا چاہیے کہ یا تو مسجد میں افطار کا انتظام الگ کرے، یا اگر مسجد میں ہی افطار کا انتظام ہے تو پھر اعتکاف کی نیت کر لیا کرے۔

اللہ اللہ! یہ اعتکاف کے کچھ مسائل تھے جو آپ کی خدمت میں پیش کر دیئے گئے۔

معتکف مسجد میں کیا کرے؟

اعتکاف بھی حالت میں چپ رہنا بھی نہیں چاہیے اور خواہ مخواہ بات بھی نہیں کرنی چاہیے، بلکہ قرآن کریم کی تلاوت، حدیث شریف کا پڑھنا، درود شریف برابر

پڑھے، علم دین کسی کو پڑھنا اور پڑھانا، انبیاء اور نیک لوگوں کے حالات و واقعات پڑھیں، اس طرح سے اعتکاف کا وقت گزارنا چاہیے۔

اعتکاف کب ختم کیا جائے؟

آپ نے سن لیا کہ بیس رمضان المبارک جب سورج ڈوب رہا ہو اُس وقت اعتکاف کرنے والا اعتکاف کی نیت سے مسجد میں موجود ہو۔ اور انتیسویں رمضان کو جب چاند نظر آجائے یا تیس رمضان المبارک کو جب سورج ڈوب جائے تو اُس وقت اپنا اعتکاف پورا کر کے مسجد سے نکلے۔

اے رب کریم! رمضان کی برکتوں کو ہم سب پر نازل فرما اور ملتِ اسلامیہ کو اعتکاف کرنے اور اعتکاف میں اپنی نمازیں درست کرنے اور نمازیں پڑھنے اور سارے مسلمانوں کے لئے دعا کرنے کی توفیق عطا فرما۔

وما علینا الا البلغ المبین

فیضانِ مولانا ابراہیم خوشتر علیہ رحمۃ اللہ

الحمدللہ عزوجل! قطبِ ماریشس، ولی کامل، عاشقِ اعلیٰ حضرت، پیرِ طریقت حضرت علامہ مولانا الحافظ القاری محمد ابراہیم خوشتر صدیقی قادری رضوی نوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے فیضان سے آپ کے صاحبزدگان حضرت مولانا محمد مسعود اظہر مدظلہ العالی اور جناب محمد میاں خوشتر مدظلہ العالی کی زیر سرپرستی اور حضرت علامہ مولانا ابونعمان محمد عرفان شریف مدنی مدظلہ العالی کے زیرِ سایہ عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل جھنگ سٹی میں قائم کردہ شعبہ ''**تحریرات**'' اپنا ایک سال مکمل کرچکا ہے۔ اللہ کے فضل واحسان سے اِس ایک سال کے اندر انتہائی محنت اور لگن کے ساتھ قبلہ قطبِ ماریشس کے آڈیو اور ویڈیو بیانات کی 45 اقساط قلم بند کر چکا ہے۔ اور مزید سفر جاری ہے۔ دعا کیجئے کہ اللہ کریم اِس شعبے کو چلانے والے، اس کی سرپرستی کرنے والے، اِس میں کام کرنے والے تمام افراد کی حفاظت فرمائے۔ اور قبلہ قطبِ ماریشس کا فیضان عام فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

طالب دعا: فقیر ابواحمد محمد اصغر قادری رضوی

خادم شعبہ تحریرات: عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل

باہتمام

مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی

سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

DAR-UL-RAZA

مکتبہ دارالرضا

عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل جھنگ سٹی

TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501

www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com